SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
September 23, 2019

ایس ای سی پی نے سینٹرل ڈپازٹری اور کلئیر نگ کمپنی کی ریگولیٹری فیسوں میں کمی کر دی

اسلام آباد (23 ستمبر) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کیپٹل مارکیٹ کو فروغ دینے اور مارکیٹ کو وسعت دینے کے پیش نظر، نیشنل کلئیر نگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے ٹیرف سٹر کچر میں نظر ثانی کرتے ہوئے ریگولیٹری فیسوں میں خاطر خواہ کمی کی منظوری دے دی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے دونوں اداروں کی فیسوں میں کمی سے ایکویٹی مارکیٹ اور ڈیٹ مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے اخراجات میں کمی آئے گی اور سرمایہ کار اس جانب سرمایہ کاری کے لئے راغب ہوں گے۔ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سرمایہ کاروں کو سہولت اور کاروباری آسانیاں فراہم کرنے اور کاروبار اور سرمایہ کاری کی لاگت میں کمی کے لئے مسلسل اقدامات کر رہا ہے تاکہ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ پر سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھے۔

ایس ای سی پی نے سینٹرل ڈپازٹری (سی ڈی سی) اور نیشنل کلئیر نگ کمپنی (این سی سی پی ایل) کو ہدایت کی تھی کہ دونوں کمپنیاں اپنی فیسوں (ٹیرف سٹر کچرز) پر نظر ثانی کرتے ہوئے ان میں کمی کریں۔ جس کے بعد ایس ای سی پی کی ہدایات کی روشنی میں، دونوں کمپنیوں کے بورڈ کے ڈائریکٹرز نے اپنی فیسوں پر نظر ثانی کرتے ہوئے فیسوں اور مختلف چارجز میں کمی کے نوٹیفکیشن جاری کر دئے ہیں۔ فیسوں میں کمی سے شئیر ہولڈرز کو فائدہ پہنچے گا اور سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہو گی۔

سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے نظر ثانی شدہ ٹیرف سٹر کچر کے مطابق، سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹس بر قرار رکھنے والے سب اکاؤنٹ ہولڈرز کی ذیلی اکاؤنٹ کی فیس کو مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔ سی ڈی سی کے ذیلی اکاؤنٹ کی فیس میں کمی سے سرمایہ کاروں کے سی ڈی سی کے ساتھ ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی حوصلہ افزائی ہو گی اور وہ اپنی سرمایہ کاری کو محفوظ تحویل میں رکھیں گے۔ علاوہ ازیں، کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ کے فروغ کے پیش نظر قابل واپسی (ریڈیم ایبل) سیکورٹیز کی سالانہ فیس میں 70% کمی کر دی گئی ہے۔ مزید ایس ای سی پی سینٹرل ڈپازٹری کی تحویل (کسٹڈی) کی فیس میں سال 2020 کے لئے 14% اور 2021 کے لئے کسٹڈی فیس میں 16 فیصد تک کمی کی منظوری بھی دی ہے۔ مزید بر آں، ایس ای سی پی نے سی ڈی سی کو پیشکش کنندگان کے لئے نئے اجراء کی فیس کی زیادہ سے زیادہ حد کو 50 ملین روپے سے کم کر کے 35 ملین روپے کرنے کی سفارش بھی کی ہے۔

ایس ای سی پی نے نیشنل کلیئرنگ کمپنی (این سی سی پی ایل) کی جانب سے اجتماعی سرمایہ کاری کی سکیموں (سی آئی ایس) کے لئے وصول کی جانے والی فیس میں کمی کر دی ہے۔اس کمی سے میوچل فنڈ کے اخراجات کے تناسب میں نمایاں کمی واقع ہو گی اور میوچل فنڈز یونٹ ہولڈرز کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ علاوہ ازیں، این سی سی پی ایل نے اپنے صارفین کے شناخت کے نمبر یو آئی این (UIN) کی فیس میں 50 فیصد کمی کر دی ہے۔اس کے علاوہ اجتماعی سرمایہ کاری کی سکیموں کے لئے ماہانہ انسٹی ٹیوشنل ڈیلیوری سسٹم (آئی ڈی ایس) کی فکسڈ فیس اور آئی ڈی ایس ٹرانزیکشن، دونوں فیسوں میں 20 فیصد کمی کر دی گئی ہے۔ لیوریج مارکیٹ میں حجم کو بہتر بنانے کے لئے؛ فنانسر پر لاگو مارجن فنانسنگ ٹرانزیکشن فیس کو بھی مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔

Tickers

ایس ای سی پی نے ایکویٹی اور ڈیٹ مارکیٹ میں سرمایہ کاری کی لاگت میں کمی کر دی

سینٹرل ڈیپازٹری اور کلیئرنگ کمپنی کی ریگولیٹری فیسوں میں نمایاں کمی کر دی گئی

سی ڈی سی میں اکاؤنٹ ہولڈرز کی ذیلی اکاؤنٹ کی فیس مکمل طور پر ختم

چھوٹے سرمایہ کاری اپنی سرمایہ کاری کو سی ڈی سی کی محفوظ تحویل میں رکھ سکیں گے

سی ڈی سی کی قابل واپسی (ریڈیم ایبل) سیکورٹیز کی سالانہ فیس میں 70 فیصد کمی کر دی گئی

سینٹرل ڈیپازٹری کی تحویل (کسٹڈی) کی فیس میں سال 2020 کے لئے 14 فیصد کمی

سینٹرل ڈیپازٹری کی تحویل (کسٹڈی) کی فیس میں سال 2021 کے لئے 16 فیصد تک کمی کی منظوری

نئے اجراء کی فیس کی زیادہ سے زیادہ حد کو 50 ملین روپے سے کم کر کے 35 ملین روپے کرنے کی سفارش

نیشنل کلیئرنگ کمپنی کی اجتماعی سرمایہ کاری کی سکیموں کی فیس میں نمایاں کمی

این سی سی پی ایل کی صارفین کے شناخت کے نمبر یو آئی این (UIN) کی فیس میں 50 فیصد کمی

اجتماعی سرمایہ کاری کی سکیموں کے لئے ماہانہ انسٹی ٹیوشنل ڈیلیوری سسٹم (آئی ڈی ایس) کی فکسڈ فیس میں 20 فیصد کمی

لیوریج مارکیٹ میں حجم کو بہتر بنانے کے لئے؛ فنانسر پر لاگو مارجن فنانسنگ ٹرانزیکشن فیس بھی مکمل طور پر ختم کر دی گئی

ریگولیٹری فیسوں میں کمی سے مارکیٹ میں وسعت پیدا ہو گی: ایس ای سی پی